صدیقی ٹرسٹ کے پمفلٹ پتہ : صدیقی ٹرسٹ (رجسٹرڈ)، نسیم پلازا - لسبیلہ چوک - نشتر روڈ کراچی -

اس تبلیغی وتعلیمی اور فلاحی و اصلاحی ادارے کے شائع کردہ پمفلٹ وقتاً فوقتاً موصول ہوتے رہتے ہیں - یہ پمفلٹ مختلف اہلِ علم وقلم کے منتخب مقالات ومضامین پر مشتمل ہوتے ہیں - مجموعی طور پر بہت مفید -

فی الوقت محض پمفلٹوں کا تعارف کرانے کے بجائے میں اس ادارے کی رپورٹ اور حساب آمد و خرچ کی مدد سے اس کی مختلف خدمات کا اجمالی ذکر کرنا چاہتا ہوں - ٹرسٹ قرآن، ترجمۂ قرآن اور اسلامی نقطۂ نظر سے اچھے اچھے پمفلٹوں اور مختلف زبانوں میں ان کے ترجموں کی اشاعت کے علاوہ بعض اہم کتب خرید کر نصف قیمت پر تقسیم کرتا ہے - علاوہ ازیں دینی مدارس، طلبہ، شادیٔ دختران، تعمیر مساجد، دارالمطالعہ کے قیام، تبلیغی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مالی امداد دیتا ہے - ۸۱ - ۸۰ کے بجٹ کی رُو سے ان مدات میں دو لاکھ سات ہزار دو سو ۴ روپے ۵۵ پیسے خرچ ہوئے -

ادارہ سے ۱۱۰ سستے پمفلٹوں کی فہرست بھی طلب کیجیے اور خرید کر بانٹیے - نیز جو تعاون کر سکتے ہوں کیجیے -

---

تعلیم القرآن خط وکتابت سکول پتہ : تعلیم القرآن خط وکتابت سکول - پوسٹ بکس نمبر ۱۲۱۷ - محمد نگر لاہور - ۵

ہمارے سامنے متذکرہ اسکول کے ۷ سالہ کام کی روئیداد ہے - مختصر رپورٹ یہ ہے کہ خط وکتابت کے ذریعے تعلیم القرآن کے اس ادارے نے سات سال میں ۱۴۱۰۵۰۹ مسلمانوں اور غیر مسلموں کو مطبوعہ اسباق روانہ کیے ہیں - جن میں سے ۵۳۹۷۳ افراد کورسز مکمل کر کے سندات حاصل کر چکے ہیں - پاکستان کے متعدد جیل خانوں میں اس اسکول کے طلبہ غائبانہ طور سے تعلیم حاصل کرتے ہیں - حتیٰ کہ امریکہ اور ہانگ کانگ تک یہ سلسلہ پھیل گیا ہے - اسباق اردو وانگریزی میں فراہم کیے جاتے ہیں - ہانگ کانگ میں چینی زبان میں ان کا ترجمہ پڑھایا جا رہا ہے - پاکستان کے قیدی طلبہ کی تعداد ۲۵۰۴ درج ہے - جن میں سے ۷۰۵ کو کورس پاس کرنے پر سزا میں تخفیف ملی ہے -

حافظ نذر احمد اس نظام کے مدارالمہام ہیں - شائقین ان کی طرف رجوع کریں -